**نمبر : 2527**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | کنز العمال | | | |
| مصنف | : | شیخ علی متقی ہندیؒ | | | |
| مہر ومالک | : | نامعلوم | | | |
| سائز | : | 26.5x15 cm | سطور | : | ۲۳ |
| اوراق | : | ۱۰۴ | کاتب | : | نامعلوم |
| خط | : | نسخ | تاریخ کتابت | : | نامعلوم |
| زبان | : | عربی | موضوع | : | حدیث |

آغاز : يقسم المال صحاحا ويملأ قلوب امته محمد غنى ويسعهم عدله حتى انه يامر مناديا فينادى من له حاجة الى فما ياتيه احد الا رجل واحد ياتيه فيسأله فيقول ائت السادن حتى يعطيك فيأتيه۔

اختتام : عن ابى هريرة رضى الله عنه قيام الليل فريضة على حامل القرآن ولو ركعتين (فر) عن جابر رضى الله عنه۔

حالت : غیر مجلد، ناقص الطرفین، کنارے متاثر ہوئے ہیں۔

نوٹ : بہترین کاغذ پہ یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ بورڈر کو خوبصورت رنگوں سے مزین کیا گیا ہے۔ ابتداء میں ظہور مہدی، خروج دجال اور نزول عیسیٰؑ کے متعلق احادیث کا ذکر ہے۔ پھر احوال قیامت، جنت دوزخ اور زندگی گذارنے کے آداب کے متعلق الگ الگ ابواب قائم کر کے بہترین انداز میں احادیث کا انتخاب کیا گیا ہے۔ پھر مفردات کا عنوان قائم کر کے ایسی احادیث ذکر کی ہیں جس میں صرف ایک نصیحت کا ذکر ہے، جیسے اعتزل الاذی عن ریق المسلمین (م) عن ابی هریرة رضی الله عنه۔ پھر ثنائیات کا عنوان قائم کر کے دو دو باتوں والی احادیث کا ذکر کیا ہے۔ جیسے افضل الاعمال الصلوٰة لوقتها وبر للوالدین (م) عن ابن مسعود رضی الله عنه۔ پھر اسی ترتیب سے ثلاثیات، رباعیات،



خماسیات، سداسیات، سباعیات، ثمانیات، تساعیات، عشاریات کے عناوین قائم کر کے احادیث ذکر کی ہیں۔ یہ ترغیب سے متعلق احادیث ہیں۔ پھر ترھیب سے متعلق بھی اسی طرح ابواب قائم کر کے احادیث ذکر کی ہیں۔ حدیث ذکر کرنے کا طریقہ یہ اختیار کیا ہے کہ پہلے حدیث ذکر کرتے ہیں، پھر جس کتاب کی وہ حدیث ہوتی ہے اس کے رمز سے اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ جیسے م۔ مسلم، فر۔ مسند الفردوس وغیرہ۔ پھر راویٔ حدیث، صحابی کا نام ذکر کرتے ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ بہترین انداز میں احادیث کا انتخاب کیا گیا ہے۔